# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مہایوتی کے قائدین کا دہلی میں اجلاس منعقد: وزیراعلیٰ کے انتخاب کا فیصلہ ممبئی میں مجوزہ اجلاس میں لینے کی ایکناتھ شندے کی وضاحت۔

☆ اسمبلی انتخابات میں رائے دہی کے اعداد و شمار میں اضافہ پر کانگریس پارٹی کی جانب سے شبہات کا اظہار، پولنگ فیصد سے متعلق انتخابی کمیشن کی وضاحت۔

☆ ریاستی ملازمین انشورنس کارپوریشن کے مستفیدین آیوشمان بھارت جن آروگیہ یوجنا کے فوائد سے بھی مستفید ہوں گے۔

☆ 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا اختتام لمپن کو بہترین مراٹھی ویب سیریز کا ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی مندر کے ترقیاتی کاموں کو آثارِ قدیمہ ڈائریکٹوریٹ کی تکنیکی منظوری، چھ مرحلوں میں کام مکمل ہوگا۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست میں حکومت سازی کے سلسلے میں نگراں وزیرِ اعلیٰ اور شیوسینا رہنما' ایکناتھ شندے، بی جے پی رہنما' دیویندر پھڑنویس اور راشٹروادی کانگریس کے صدر اجیت پوار نے کل دہلی میں مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے ملاقات کی اور حکومت سازی سے متعلق کئی اُمور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقعے پر بی جے پی صدر جے پی نڈا، راشٹروادی کانگریس کے کارگذار قومی صدر پرفل پٹیل اور ریاستی صدر سنیل تٹکرے بھی موجود تھے۔

اس ملاقات کے بعد پھڑنویس نے ریاست میں اسمبلی انتخابات میں تعاون کیلئے سوشل میڈیا پر امیت شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

دریں اثنا، شیوسینا رہنما' ایکناتھ شندے نے بتایا کہ دہلی میں منعقدہ میٹنگ مثبت رہی، اوراس کے بعد ممبئی میں مزید ایک میٹنگ ہوگی، جس میں وزیراعلیٰ کے عہدے سے متعلق فیصلہ لیا جائے گا۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے مہاراشٹر کے اسمبلی انتخابات میں رائے دہی کے اعداد و شمار میں اضافے سے متعلق انتخابی کمیشن سے جواب طلب کیا ہے۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے رائے دہی کے اعداد و شمار میں ساڑھے سات فیصد اضافہ ہونے کی بات کہتے ہوئے ووٹنگ کے عمل پر شبہ کا اظہار بھی کیا۔ انھوں نے انتخابی کمیشن سے شام ساڑھے پانچ بجے سے رات ساڑھے گیارہ بجے تک پولنگ اسٹیشنوں پر رائے دہی کے عمل کی ویڈیو اور تصاویر فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

***** ***** *****

دریں اثناء انتخابی کمیشن نے اس حوالے سے تفصیلی معلومات دی ہیں۔کمیشن نے اپنی تفصیلات میں وضاحت کی کہ شام چھ بجے کے بعد بھی ریاست کے کئی رائے دہی مراکز پر رائے دہندگان کی قطاریں تھیں، بالخصوص شہری علاقوں میں شام کو ووٹ کرنے والوں کی بھیڑ نظر آئی۔کمیشن نے کہا کہ 2019 کے انتخابات میں بھی یہی صورتحال رہی تھی۔ریاست میں شام پانچ بجے تک تقریباً 58اعشاریہ 22فیصد رائے دہی ہوئی، جبکہ رائے دہی کا قطعی فیصد 66اعشاریہ صفر پانچ فیصد رہا۔کمیشن نے واضح کیا کہ یہ ایک عام بات ہے اور جب تک کہ آخری ووٹر اپنا ووٹ نہیں کر لیتا رائے دہی کا عمل شروع رکھا جاتا ہے۔

***** ***** *****

آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کے تحت فراہم کی جانے والی طبّی سہولیات کو ریاستی ملازمین انشورنس کارپوریشن کے فوائد میں شامل کرکے اس اسکیم کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا۔وزارت محنت اور روزگار نے اپنی صحافتی بیان کے ذریعہ یہ اطلاع دی ہے۔ 14 کروڑ سے زیادہ افراد اس اسکیم سے مستفید ہوں گے اور ملک بھر کے ملازمین کو بہتر طبّی سہولیات میسر ہوں گی، اسی طرح پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا سے منسلک ملک بھر کے تیس ہزار سے زیادہ اسپتالوں میں بھی طبّی خدمات سے استفادہ کیا جاسکے گا۔صحافتی بیان میں علاج کے اخراجات کی کوئی حد مقرر نہ ہونے اور ملک کے خیراتی اسپتالوں میں بھی اس اسکیم کے مستفیدین کو طبّی خدمات فراہم کرنے کی وضاحت کی گئی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی ہدایات کے مطابق ریاست کے تمام میڈیم کے اسکولوں میں آج اور کل اپار ڈے منانے کی ہدایت محکمہ تعلیم نے دی ہے۔جس کا مقصد ریاست کے تمام طلبہ کو اَپار آئی ڈی فراہم کرنا ہے۔اس سلسلے میں زیادہ سے زیادہ طلبہ کو اَپار آئی ڈی فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدایت ریاست کے پروجیکٹ ڈائریکٹر آر وملا نے سبھی اضلاع کو دی ہے۔

***** ***** *****

55واں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول ۔IFFI کل گوا میں اختتام پذیر ہوگیا۔فلمساز و ہدایت کار آشوتوش گواریکر کی صدارت میں منعقدہ اس نو روزہ فیسٹیول میں 75 ممالک کی 200 سے زیادہ فلموں کی نمائش کی گئی۔اختتامی تقریب میں معروف آسٹریلوی فلمساز فلپ نوائس کو ستیہ جیت رے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔لِتھوآنین فلم ٹاکسِک نے بہترین فلم کا IFFF گولڈن پیاک ایوارڈ جیتا' جبکہ نوجیوت باندیوڈیکر کو مراٹھی فلم '' گھرت گنپتی''، فلم کیلئے بہترین ڈیبیو ڈائریکٹر کے ایوارڈ سے نوازا گیا، اسی طرح مراٹھی ویب سیریز ''لمپن'' کو بہترین ویب سیریز کا ایوارڈ دیا گیا۔اس سال کے IFFI میں نامور بھارتی ہدایت کار رمیش سپی اور مشہور اداکارہ جیا پردا کو فلم انڈسٹری میں ان کے تعاون پر خصوصی استقبالیہ دیا گیا۔اس تقریب میں گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت، مرکزی اطلاعات ونشریات محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

عظیم سماجی مصلح اور تعلیمِ نسواں کے علمبردار مہاتما جیوتی با پھلے، کو ان کے یوم یادگار کے موقع پر کل ہر طرف خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔نگراں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے مہاتما پھلے کو خراج عقیدت پیش کیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی اور ستیہ شودھک سماج پرتشٹھان کے زیرِ اہتمام '' آزادیِ نسواں کیلئے پھلے جوڑے کی اجتماعی کاوشیں'' کے موضوع پر ایک لیکچر منعقد ہوا۔شہر کے اورنگ پورہ علاقے میں مختلف سماجی و رفاہی تنظیموں نے مہاتما پھلے اور ساوتری بائی پھلے کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نچھاور کیے۔

***** ***** *****

گُل ہندمہاتما پھلے سمتا پریشد کی طرف سے دیا جانے والا مہاتما پھلے سمتا ایوارڈ کل مشہور مصنف، ہدایت کار اور اداکار ناگراج منجوڑے کو تفویض کیا گیا۔سمتا پریشد کے قومی صدر اور رُکنِ اسمبلی چھگن بھجبل کی صدارت میں پونے میں یہ تقریب منعقد ہوئی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن نے یکم دسمبر کو ہونے والے گزیٹیڈ سول سرویسز پری لمز امتحانات کیلئے امیدواروں کو ایک نیا داخلہ کارڈ جاری کیا ہے۔ کمیشن کی ویب سائٹ پر اس سلسلے میں مزید معلومات دی گئی ہیں۔

***** ***** *****

شریکشیتر آڑندی میں کل سنت گیانیشور ماؤلی کا 728 واں سنجیون سمادھی تقریب جوش وخروش اور عقیدت سے منائی گئی۔ ماؤلی کی سمادھی پر صبح دودھ ابھیشیک سے تقریب کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد سنت نامدیو مہاراج کے ہاتھوں کیرتن سیوا دی گئی۔ آئندہ یکم دسمبر کو سنجیون تقاریب کا اختتام ہوگا۔

***** ***** *****

تلجا بھوانی مندر اور اطراف کے علاقہ میں 58 کروڑ روپئوں کے فنڈ سے ترقیاتی کاموں کو آثارِ قدیمہ ڈائریکٹوریٹ کی تکنیکی منظوری مل گئی ہے اور یہ کام چھ مراحل میں مکمل کیے جائیں گے۔تلجا بھوانی مندر کمیٹی کے صدر و دھاراشیو کے ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومبا سے نے کل تلجا پور میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

جالنہ میونسپل کارپوریشن کے اُجاس منصوبے کے ذریعے خواتین بچت گروپوں کے ذریعے تیار کردہ ماہواری کے دوران استعمال ہونے والی سینیٹری پیڈ کی چوتھی مانگ کل ستارا٬ واشم اور وردھا میں روانہ کی گئی۔ دین دَیال انتودئے اسکیم اور قومی ذریعۂ معاش مہم کے تحت جالنہ میونسپل کارپوریشن کے ذریعے تیار کردہ سینیٹری پیڈ کی دیگر ریاستوں میں بھی مانگ ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں سویابین کی خریداری کی مہلت میں 15 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے اور دھاراشیو ضلعے کے 17 ضمانتی نرخ مراکز پر 25 ہزار کوئنٹل سویابین کی خریدی کی گئی۔مہلت میں توسیع ہونے کی وجہ سے کسانوں سے سویابین کی فروخت میں جلد بازی نہ کرنے اور خریداری مراکز پر ہی اندراج کرنے کی اپیل رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں دو پہیہ گاڑی سوار اور پیچھے بیٹھنے والے سوار کو ہیلمٹ پہننا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ٹریفک محکمے کے سپرنٹنڈنٹ اروند ساڑوے نے اس سلسلے میں حکمنامہ جاری کیا ہے۔قانون شکنی کرنے والے وہیکل سواروں کے خلاف کارروائی کرنے کی وضاحت بھی انھوں نے کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے امبہ جوگائی میں یشونت راؤ چوہان میموریئل کمیٹی کی جانب سے تین روزہ یشونت راؤ چوہان میموریئل تقریب کا کل اختتام ہوگیا۔ ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پی ڈی پاٹل اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے پنچ سالہ منصوبے کے تحت مویشی شماری کا آغاز ہوگیا ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں 49 سپر وائزر سمیت 256 شمار کنندگان کی مدد سے مویشیوں کی معلومات اکٹھا کی جارہی ہیں۔ مویشی پروروں سے مویشیوں کی معلومات فراہم کرنے کی اپیل چھترپتی سمبھا جی نگر[1] ضلعے کے بقائے مویشیان محکمے کے کمشنر ڈاکٹر نانا صاحب کدم نے کی ہے۔

***** ***** *****

ملک گیر سطح پر کم عمر کی شادی کی روک تھام کی مہم چلائی جارہی ہے۔ اس مہم کے تحت ہنگو لی ضلعے کے کلمنوری تعلقے کے مسوڑ گرام پنچایت دفتر اور کھانا پور کے وِدّیا ساگر اسکول میں عوامی بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مہایوتی کے قائدین کا دہلی میں اجلاس منعقد؛ وزیر اعلیٰ کے انتخاب کا فیصلہ ممبئی میں مجوزہ اجلاس میں لینے کی ایکناتھ شندے کی وضاحت۔

☆ اسمبلی انتخابات میں رائے دہی کے اعداد و شمار میں اضافہ پر کانگریس پارٹی کی جانب سے شبہات کا اظہار، پولنگ فیصد سے متعلق انتخابی کمیشن کی وضاحت۔

☆ ریاستی ملازمین انشورنس کارپوریشن کے مستفیدین آیوشمان بھارت جن آروگیہ یوجنا کے فوائد سے بھی مستفید ہوں گے۔

☆ 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا اختتام، لمپن کو بہترین مراٹھی ویب سیریز کا ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی مندر کے ترقیاتی کاموں کو آثارِ قدیمہ ڈائریکٹوریٹ کی تکنیکی منظوری، چھ مرحلوں میں کام مکمل ہوگا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****